pakcity.org

# انسانی حقوق

باب 4:

## مشقی کثیر الانتخابی سوالات

1. حضور نبی کریم خاتم النبیین ﷺ نے خطبہ حجتہ الوداع دیا:

Ⓐ 9 ہجری Ⓑ 10 ہجری Ⓒ 11 ہجری Ⓓ 12 ہجری

2. برطانیہ میں میگنا کارٹا دستاویز پر بادشاہ نے دستخط کیے:

Ⓐ 1015ء میں Ⓑ 1115ء میں Ⓒ 1215 ء میں Ⓓ 1315ء میں

3. " دین میں کوئی زبردستی نہیں ہے " قرآن مجید کی جس سورۃ میں ہے:

Ⓐ سورۃ البقرہ Ⓑ سورۃ آل عمران Ⓒ سورۃ النساء Ⓓ سورۃ المائدہ

4. شہریوں کو جائیداد بنانے اور نجی جائیداد رکھنے کا حق جس زمرے میں آتا ہے:

Ⓐ معاشرتی Ⓑ معاشی Ⓒ مذہبی Ⓓ ثقافتی

5. " اور جو اللہ کے نازل کردہ حکم کے مطابق فیصلہ نہ کرے تو وہی لوگ کافر ہیں۔ جس سورۃ میں ہے:

Ⓐ سورۃ البقرۃ Ⓑ سورۃ الفاتحہ Ⓒ سورۃ النساء Ⓓ سورۃ المائدہ

6. سیاسی حقوق کے زمرے میں آتا ہے:

Ⓐ ووٹ کا حق Ⓑ مذہبی آزادی Ⓒ پیشہ اختیار کرنا Ⓓ تعلیم حاصل کرنا

7. ہر سال جس تاریخ کو اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے عالمی منشور کی سالگرہ منائی جاتی ہے :

Ⓐ یکم دسمبر Ⓑ 5 دسمبر Ⓒ 8 دسمبر Ⓓ 10 دسمبر

www.pakcity.org
pakcity.org

8۔ گرفتاری کی صورت میں شہری کو مجسٹریٹ کی عدالت میں پیش کیا جاتا ہے:

Ⓐ 20 گھنٹے Ⓑ 22 گھنٹے Ⓒ 24 گھنٹے Ⓓ 26 گھنٹے

pakcity.org

9. اقوام متحدہ میں انسانی حقوق کا عالمی منشور منظور کیا گیا:

Ⓐ 1946ء Ⓑ 1947ء Ⓒ 1948ء Ⓓ 1949ء

10. " ماؤں نے انہیں آزاد جنا اور تم نے انہیں غلام کیسے بنالیا ؟" قول ہے:

Ⓐ حضرت ابو بکر کا Ⓑ حضرت عمر کا Ⓒ حضرت عثمان کا Ⓓ حضرت علی کا

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

pakcity.org

# باب 4: انسانی حقوق

## مشقی مختصر جوابی سوالات

سوال 1: **اسلامی انسانی حقوق کیا ہیں؟**

جواب: اسلامی انسانی حقوق سے مراد وہ تمام حقوق ہیں جو اسلام نے شہریوں کو آج سے چودہ سو سال پہلے عطا کیے ہیں۔ خاتم النبیین حضرت محمد رسول اللہ ﷺ نے ہجرت کے دسویں سال حج فرمایا اور میدان عرفات میں جبل الرحمت کے قریب کھڑے ہو کر آخری خطبہ دیا۔ جسے خطبہ حجۃ الوداع کہتے ہیں۔ خطبہ حجۃ الوداع کو انسانی حقوق کا پہلا مستند عالمی منشور تصور کیا جاتا ہے۔ اسلام میں شہریوں کے انسانی حقوق درج ذیل ہیں:

(i) مذہبی حقوق
(ii) معاشی حقوق
(iii) سیاسی حقوق
(iv) شہری حقوق

سوال 2: **حقوق کی تعریف کریں۔**

جواب: حقوق سے مراد وہ تمام سہولتیں اور مراعات ہیں۔ جو حکومت ، معاشرے یا عوام کی طرف سے شہریوں کو دی جاتی ہیں۔ یا حقوق سے مراد شہریوں کے وہ مطالبات ہیں جن کو ریاست تسلیم کرتی ہے اور ان کو پورا کرنے کی بھرپور کوشش کرتی ہے حقوق کہلاتے ہیں۔ حقوق کئی طرح کے ہوتے ہیں۔ مثلاً قانونی حقوق، سیاسی حقوق ، معاشرتی اور اخلاقی حقوق وغیرہ۔

سوال 3: **معاشی حقوق سے کیا مراد ہے؟**

جواب: "وہ تمام حقوق جن کا تعلق روپے پیسے کے کمانے ، خرچ کرنے ، جائیداد کی خرید و فروخت اور معیشت کے بارے میں ہوں انہیں معاشی حقوق کہا جاتا ہے"۔ اسلامی ریاست میں شہریوں کو جائیداد بنانے اور نجی جائیداد رکھنے کا حق دیا گیا ہے۔ انسانی زندگی کی طرح انسانوں کی جائیدادوں کی حفاظت بھی ریاست کی ذمہ داری ہے۔ خاتم النبیین حضرت محمد ﷺ نے خطبہ حجۃ الوداع میں ارشاد فرمایا: " خبردار آپ کی زندگیاں اور آپ کے مال ایک دوسرے کے لئے اسی طرح قابل احترام ہے۔ جس طرح آج کا دن قابل احترام ہے"۔

سوال 4: **انسانی حقوق کے عالمی منشور کو کب اور کس نے منظور کیا؟**

جواب: اقوام متحدہ کی کوششوں سے فروری 1946ء میں انسانی حقوق کا کمیشن بنا۔ انسانی حقوق کے کمیشن نے مسودہ تیار کر کے جنرل اسمبلی کے سامنے منظوری کے لیے پیش کر دیا۔ انسانی حقوق کے اس عالمی منشور کو جنرل اسمبلی نے 10 دسمبر 1948ء کو اسے منظور کیا۔

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

سوال5: شہریوں کے کوئی سے دو سیاسی حقوق لکھیں۔

جواب: (i) حکومت پر تنقید کا حق:

افراد کو حق دیا گیا ہے کہ اپنی حکومت کی تشکیل میں حصہ لیں، حکومت کی خامیوں کی نشاندہی کریں اور حکومتی پالیسیوں میں خرابیوں کے خلاف اگر ضرورت تو سمجھیں تو احتجاج کریں۔

(ii) اظہار رائے کی آزادی:

عوام کی رائے کو اسلام میں بڑا احترام دیا گیا ہے۔ عوام کی اپنی رائے کے اظہار میں مکمل ازادی دی گئی ہے۔ ہر شہری کو تحریر و تقریر کا حق حاصل ہے۔

pakcity.org

سوال6: فرائض سے کیا مراد ہے؟

جواب: فرائض سے مراد شہریوں کی وہ تمام ذمہ داریاں ہیں۔ جو حقوق حاصل کرنے کے مقابلے میں ہم حکومت، معاشرے یا عوام کے لیے سر انجام دیتے ہیں۔ مثلاً ملک و قوم سے وفاداری، قوانین کی پاسداری، بروقت ٹیکسوں کی ادائیگی وغیرہ۔

سوال7: معاشی حقوق کے سلسلے میں کوئی قرآنی آیات یا اس کا ترجمہ پیش کریں۔

جواب: اسلامی ریاست میں مذہبی آزادیاں دی جاتی ہیں۔ غیر مسلموں کو بھی اپنے اپنے مذاہب کے مطابق زندگی بسر کرنے کے مواقع فراہم کیے جاتے ہیں۔ قرآن مجید میں حکم ہے کہ:

"دین میں کوئی زبردستی نہیں ہے، بے شک ہدایت گمراہی سے خوب واضح ہو چکی ہے۔" (سورۃ البقرۃ، آیات نمبر 256)

سوال8: کوئی سے دو معاشرتی یا شہری حقوق بیان کریں۔

جواب: (i) حق زندگی :

ہر شخص کو اپنی زندگی کے تحفظ کا مکمل حق حاصل ہے۔ کوئی بھی شخص یا ادارہ کسی دوسرے کی زندگی کو نقصان نہیں پہنچا سکتا۔

(ii) آزادی کا حق :

کوئی فرد یا ادارہ کسی دوسرے فرد کو ریاست کی اجازت کے بغیر قید میں نہیں رکھ سکتا اور نہ قانون کی مرضی کے بغیر کوئی سزا دے سکتا ہے۔

www.pakcity.org
Please visit for more data at: www.pakcity.org